Transportation Security Administration

# (TWIC کا افشاء اور استناد)

**ہدایات:** اگر آپ کو نقل و حمل سے متعلق کارکن کا شناختی دستاویز [ٹرانسپورٹیشن ورکر آئیڈنٹیفکیشن کریڈنشیل (TWIC)] بہرصورت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو، آپ سے سلامتی کے خطرے کی تشخیص سے گزرنے کا تقاضہ کیا جاتا ہے۔ اس تشخیص سے گزرنے کے لئے، تمام درخواست دہندگان کو اندراج کی کارروائی کے حصے کے طور پر ذیل میں مطلوبہ معلومات اور ان کی شناخت اور ترک وطنی کی حیثیت (اگر قابل اطلاق ہو تو) کی توثیق کرنے کے لئے مناسب دستاویز لازمی طور سے فراہم کرنی ہوں گی۔ مکمل کردہ فارم اندراج کی کارروائی کے آغاز میں ہی بذات خود جاکر جمع کروانا کروانے **چاہیئیں** ۔ اگر ابتدائی طور پر ہی آپ نااہل قرار دیدیئے جاتے ہیں، تو آپ TWIC کے لئے اہل *ہوسکتے ہیں* اور آپ کو تخفیف کے لئے درخواست دینی چاہئے، جس سے آپ کو اپنی اہلیت کی تائید کے لئے اضافی معلومات اور دستاویزات فراہم کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔ آپ کو تخفیف کے لئے درخواست دینے سے قبل خطرے کی تشخیص کے ابتدائی تعین [انیشیئل ڈیٹرمینیشن آف تھریٹ اسیسمنٹ (IDTA)] کے لئے درخواست دینی چاہئیے ۔

**باب I – افشاء**

**حصہ A. اعترافات** – ہر بیان پر نظرثانی کریں اور حسب مناسبت، **ہاں** یا **نہیں** پر نشان لگا کر جواب دیں۔

1. اپنی ملازمتی ذمہ داریوں کے حصے کے طور پر:
   - مجھ سے بحری سہولیات والے ایسے علاقوں یا بحری جہازوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے جس کے لئے TWIC مطلوب ہوتا ہے بغیر کسی کی ہمراہی کے رسائی حاصل کرنے کا تقاضہ کیا جاتا ہے یا کیے جانے کا زیادہ امکان ہے؛
   - میں فی الحال استناد یافتہ تجارتی جہاز راں ہوں یا بننے کے لئے درخواست دے رہا ہوں؛ یا
   - میں کینیڈا یا میکسیکو میں خطرناک مادے ڈھونے کے لئے اور / یا ریاستہائے متحدہ میں کاروبار کرنے کے لئے لائسنس یافتہ کاروباری ڈرائیور ہوں۔

   ☐ ہاں ☐ نہیں

2. مجھے معلوم ہے کہ اگر میں CG سے جاری ہونے والی جہاز رانی کے دستاویز کے لئے درخواست دینے یا اس کی تجدید کروانے کا منصوبہ بناتا ہوں، لیکن دوران اندراج اپنا سوشل سیکیورٹی نمبر اور شہریت کا ثبوت فراہم نہیں کرتا ہوں تو، یہ معلومات فراہم کرنے کے لئے مجھ سے CG کے علاقائی مرکز امتحان پر پہنچنے کا تقاضہ کیا جائے گا اور اس کے بعد ہی CG سے جاری ہونے والی دستاویز کے لئے میری درخواست مکمل سمجھی جائے گی۔ ☐ ہاں ☐ نہیں

3. مجھے اعتراف ہے کہ اگر TSA یا قانون نافذ کرنےو الی دیگر ایجنسیاں اس بات کا فیصلہ کرتی ہیں کہ میں قومی سلامتی یا نقل و حمل کی سلامتی کے لئے ایک بدیہی خطرہ بن جاتا ہوں تو، میرے آجر کو مطلع کردیا جائے گا۔ TSA اس سہولت یا بحری جہاز کو محدود معلومات فراہم کرسکتی ہے۔ **نوٹ:** FBI کے اعتراف نامے کا اشتراک آجروں کے ساتھ نہیں کیا جائے گا۔ ☐ ہاں ☐ نہیں

4. مجھے معلوم ہے کہ چونکہ TWIC بصری شناختی بلے کے طور پر کام کرے گا، لہٰذا تصویر لیے جانے کے وقت میرے چہرے کا کوئی بھی حصہ کسی چیز یا لباس سے ڈھکا نہیں ہونا چاہئے۔ نتیجے کے طور پر، میں اعتراف کرتا ہوں کہ
   - میں ٹوپی یا کوئی سرپوش اتار دوں گا سوائے اس صورت کے جب مذہبی وجوہات کے سبب روزانہ پہنا جائے۔
   - میں کالے رنگ کے یا رنگین عدسوں والے غیر تجویز کردہ چشمے اتار دوں گا سوائے اس صورت کے جب طبی وجوہات کے سبب ہمہ وقت انہیں پہنے رہنے کی ضرورت ہو۔ اگر ایسا ہے تو، طبی سند مطلوب ہوسکتی ہے۔

   ☐ ہاں ☐ نہیں

5. میں
   - ریاستہائے متحدہ کا شہری یا ریاستہائے متحدہ کا باشندہ ہوں۔ ☐ ہاں ☐ نہیں
   - ریاستہائے متحدہ کا شہری یا ریاستہائے متحدہ کا باشندہ نہیں ہوں، لیکن صفحہ 3 پر مذکور ایسے زمرے میں آتا ہوں جو مجھے TWIC حاصل کرنے کا مجاز بناتا ہے۔ ☐ ہاں ☐ نہیں

6. میں فی الحال TWIC کا حامل نہیں ہوں۔ ☐ ہاں ☐ نہیں

**باب B. مجرمانہ سرگزشت** – ہر بیان پر نظرثانی کریں اور حسب مناسبت، **ہاں** یا **نہیں** پر نشان لگا کر جواب دیں۔ *(براہ کرم مزید معلومات کے لئے صفحہ 4 ملاحظہ کریں)۔*

1. میری زندگی میں کسی بھی وقت (نوعمری کے معاملات کو چھوڑ کر تاوقتیکہ ایک بالغ کی حیثیت سے مجرم قرار نہ دیا گیا ہو)، مجھے مجرم قرار دیا گیا تھا یا قصوروار ٹھہرایا گیا تھا (بشمول "بغیر حجت" کے) یا ذیل میں مذکور کسی ایک یا زیادہ جرائم کے لئے کسی شہری یا فوجی عدالت کے ذریعہ پاگل پن کی وجہ سے غیر قصور وار پایا گیا تھا ☐ ہاں ☐ نہیں
   - جاسوسی یا جاسوسی کرنے کی سازش؛
   - سرکشی یا سرکشی کا ارتکاب کرنے کی سازش
   - غداری یا غداری کا ارتکاب کرنے کی سازش؛ یا
   - دہشت گردی کا وفاقی جرم جیسا کہ 18 U.S.C. 2333 (g) یا کسی قابل موازنہ ریاستی قانون میں بیان کیا گیا ہے۔

   **نوٹ:** اگر آپ "ہاں" میں جواب دیتے ہیں تو، آپ TWIC اور / یا تخفیف حاصل کرنے کے اہل نہیں ہیں۔

2. میری زندگی میں کسی بھی وقت (نوعمری کے معاملات کو چھوڑ کر تاوقتیکہ ایک بالغ کی حیثیت سے مجرم قرار نہ دیا گیا ہو)، مجھے مجرم قرار دیا گیا تھا یا قصوروار ٹھہرایا گیا تھا (بشمول "بغیر حجت" کے) یا ذیل میں مذکور کسی ایک یا زیادہ جرائم کے لئے کسی شہری یا فوجی عدالت کے ذریعہ پاگل پن کی وجہ سے غیر قصور وار پایا گیا تھا ☐ ہاں ☐ نہیں
   - نقل و حمل کی سلامتی کے واقعے پر مشتمل جرم؛
   - خطرناک اشیاء کی نامناسب نقل و حمل؛
   - شعلہ گیر مادہ یا دھماکہ خیز اشیاء غیر قانونی طریقے پر رکھنا، استعمال کرنا، فروخت کرنا، تقسیم کرنا، تیار کرنا، خریدنا... یا اس کا لین دین کرنا؛
   - قتل؛
   - دھمکی دینا یا عداوت کی بناء پر غلط معلومات پہنچانا جس کے غلط ہونے کا علم ہو، جس کا تعلق کسی عوامی، سرکاری، عوامی نقل و حمل، یا بنیادی ڈھانچہ کی سہولت میں کسی دھماکہ خیز یا دیگر مہلک آلہ فراہم کرنے، رکھنے، یا اس کی نشاندہی کرنے سے ہو؛
   - RICO ایکٹ کی خلاف ورزی جہاں کوئی مشتہر شدہ کارروائی حصہ B1 اور B2 میں درج فہرست جرم ہے؛
   - حصہ B1 اور B2 میں درج جرم کا ارتکاب کرنے کی کوشش کرنا؛ یا
   - حصہ B2 میں درج جرم کا ارتکاب کرنے کی سازش یا کوشش کرنا

3. پچھلے 7 سالوں کے اندر، مجھے مجرم قرار دیا گیا تھا یا قصوروار ٹھہرایا گیا تھا (بشمول "بغیر حجت" کے) یا ذیل میں مذکور کسی ایک یا زیادہ جرائم کے لئے کسی شہری یا فوجی عدالت کے ذریعہ پاگل پن کی وجہ سے غیر قصور وار پایا گیا تھا: ☐ ہاں ☐ نہیں

- آتشیں اسلحہ یا دیگر ہتھیار غیر قانونی طریقے پراپنے پاس رکھنا، استعمال کرنا، فروخت کرنا، تیار کرنا، خریدنا، تقسیم کرنا... یا اس کا لین دین کرنا؛
- زر تاوان وصول کرنا؛
- بے ایمانی، دھوکہ دہی، یا غلط بیانی، بشمول شناختی فریب یاغیر قانونی طور پر رقم حاصل کرنا (سوائے فلاح کی نیت سے دھوکہ دہی اور غلط قسم کے چیک پاس کردینا)؛
- رشوت ستانی؛
- اسمگلنگ
- ترک وطن کی خلاف ورزیاں؛
- ممنوعہ اشیاء تقسیم کرنا یا تقسیم کرنے، برآمد کرنے کے ارادے سے اپنے پاس رکھنا؛
- آتش زنی؛
- اغوا کرنا یابرغمال بنالینا؛
- زنا یا جارحانہ جنسی بدسلوکی؛
- مارڈالنے کے ارادے سے زخمی کرنا؛
- ڈکیتی؛
- سمندری علاقے میں دھوکے سے داخل ہونا؛
- RICO؛ یا
- حصہ B3 میں درج جرائم کا ارتکاب کرنے کی سازش یا کوشش کرنا۔

| | | |
|---|---|---|
| 4. پچھلے **5** سالوں کے اندر، مجھے حصہ B3 میں درج جرم کے لئے مجرم قرار دیئے جانے کے بعد جیل سے رہا کیا گیا تھا۔ | ☐ ہاں | ☐ نہیں |
| 5. میں حصہ B1 سے لے کر حصہ B3 تک میں مذکور کسی جرم کے لئے شہری یا فوجی عدالت میں مطلوب ہوں یا مجھ پر فرد جرم عائد ہوا ہے۔ | ☐ ہاں | ☐ نہیں |
| 6. کسی شہری یا فوجی عدالت نے مجھے ناقص دماغی اہلیت کا حامل پایا ہے یا میں غیر رضاکارانہ طور پر دماغی صحت کی سہولت کے حوالے کردیا گیا ہوں۔ | ☐ ہاں | ☐ نہیں |
| **نوٹ:** اگر آپ نے حصہ B2 سے لے کر حصہ B6 میں مذکور کسی بھی جرائم کا جواب "ہاں" میں دیا ہے تو، آپ تخفیف کے اہل ہیں اور اس کے باوجود بھی آپ کو TWIC جاری کیا جاسکتا ہے۔ اگر ابتدائی طور پر TWIC کے لئے منع کردیا گیا ہے تو، کیا آپ کا ارادہ تخفیف کے لئے درخواست دینے کا ہے؟ | ☐ ہاں | ☐ نہیں |
| 7. مجھے معلوم ہے کہ مجھے اس دستاویز پر فراہم کردہ پتے پر اپنا TWIC لازمی طور سے واپس کردینا ہوگا اگر:<br>• میں مطلوب ہوں، میرے اوپر فرد جرم عائد ہوا ہے، مجرم قرار دیا گیا ہوں، یا حصہ B1 سے لے کر حصہ B3 تک میں مذکور جرم کے لئے، پاگل پن کی وجہ سے غیر قصوروار پایا گیا ہوں؛<br>• میں ناقص دماغی اہلیت کا حامل پایا جاتا ہوں یا میں غیر رضاکارانہ طور پر دماغی صحت کی سہولت کے حوالے کردیا جاتا ہوں؛ یا<br>• حصہ A5 میں "ہاں" میں جواب دے کر، ترک وطنی کے بیان کردہ معیارات پر مزید پورا نہیں اترتا ہوں۔ | ☐ ہاں | ☐ نہیں |

## باب II - استناد

براہ کرم اپنا نام مع تاریخ جلی حروف میں درج کرکے اور دستخط کرکےاس فارم میں فراہم کردہ جوابات پر نظرثانی اور اس کی توثیق کریں۔ اگر مدد / ترجمے میں اعانت دستیاب ہے تو، معاون / مترجم کے لئے درکار رابطے کی معلومات پر ضرور عمل کرنا چاہئے۔ **درخواست دہندگان اور معاونین / مترجمین کے لئے، اس فارم میں جان بوجھ کر یا قصدا غلط بیان دینا یا مادی حقیقت کو مخفی رکھنا جرمانہ یا قید یا دونوں ہی کے ذریعہ قابل مواخذہ ہے (18 U.S.C. 1001 ملاحظہ کریں)، اور یہ TWIC دینے سے ممنوع قرار دینے کی وجوہات بھی ہوسکتی ہیں۔**

| | |
|---|---|
| **درخواست دہندگان:** میں نے اس فارم میں جو معلومات فراہم کرائی ہے وہ میرے علم و یقین کی حد تک درست، مکمل، اور صحیح ہے۔ اور نیک نیتی کے ساتھ فراہم کرائی گئی ہے۔ | **معاونین / مترجمین:** میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے نامزد درخواست دہندہ کی گزارش پر اس فارم کی تکمیل میں اعانت کی ہے؛ فراہم کردہ جوابات کی بنیاد اس معلومات پر ہے جو مجھے معلوم ہے یا جو درخواست دہندہ نے مجھے فراہم کرائی تھی اور میں نے توثیق کے لئے درخواست دہندہ کو مکمل کردہ فارم اس زبان میں پڑھ کر سنا دیا ہے جو زبان وہ روانی سے بولتا / بولتی ہے اس کے بعد اس نے میری موجودگی میں دستخط کیے ہیں۔ |
| *TWIC درخواست دہندہ کا نام جلی حروف میں* | *معاون / مترجم کا نام جلی حروف میں* |
| *TWIC درخواست دہندہ کے دستخط*    *تاریخ* | *معاون / مترجم کے دستخط*    *تاریخ* |
| *دن میں رابطے کا ٹیلیفون* | |
| *پتہ*    *اپارٹمنٹ نمبر* | |
| *شہر، ریاست، زپ* | |

**رازداری سے متعلق ایکٹ کابیان: اتھارٹی:** اس معلومات کو جمع کرنے کی اتھارٹی ,49 U.S.C.114, 40113 اور 5103a ہے۔ **اصل مقصد (مقاصد)**: یہ معلومات آپ کی شناخت کی توثیق کرنے کے لئے اور TWIC کے لئے آپ کی موزونیت کا تجزیہ کرنے کے لئے سلامتی کے خطرے کی تشخیص کا کام انجام دینے کے لئے درکار ہے۔ اس معلومات، بشمول آپ کا SSN یا غیر ملکی اندراج نمبر کی تکمیل رضاکارانہ ہے؛ تاہم اس کی عدم فراہمی کی وجہ سے آپ کی سلامتی کے خطرے کی تشخیص کی تکمیل میں تاخیر ہوسکتی ہے یا اس سے ممنوع بھی قرار دیا جاسکتا ہے۔ ایسے درخواست دہندگان کے لئے جو جہاز راں ہیں یا بننے کے لئے درخواست دے رہے ہیں، SSN لازمی ہے یا پھر اس معلومات کے لئے ان سے کوسٹ گارڈ کے علاقائی امتحان کے مرکز پر جانے کا تقاضہ کیا جائے گا اس کے بعد درخواست مکمل ہوگی۔ **معمول کے استعمال (استعمالات)**: اس معلومات کے معمول کے استعمال میں آپ کے جرم کی سرگزشت کا ریکارڈ بازیافت کرنے کے لئے FBI کے سامنے؛ TSA کے ٹھیکیداروں یا دیگر ایسے ایجنٹوں کے سامنے جو سلامتی کے خطرے کی تشخیصات سے تعلق رکھنے والی خدمات فراہم کررہے ہیں؛ لائسنس دہندگی، نفاذ قانون، یا سلامتی کے مقاصد کے لئے موزوں سرکاری اتھارٹیوں کے سامنے؛ یا قومی سلامتی کے مفادات کے لئے؛ اور قانون و بین الاقوامی معاہدے کے مطابق غیر ملکی اور بین الاقوامی سرکاری اتھارٹیوں کے سامنے اس کا افشاء کرنا شامل ہے۔

**کاغذی کام میں تخفیف سے متعلق ایکٹ کا بیان:** عوامی بوجھ کا بیان: TSA یہ معلومات TWIC کے لئے آپ کی اہلیت کا تعین کرنے کے لئے جمع کر رہا ہے۔ یہ معلومات رضاکارانہ طور پر جمع کی جا رہی ہے لیکن معلومات جمع نہ کرنے کا نتیجہ TWIC کے لئے آپ کی اہلیت ثابت کرنے میں نااہلی کی صورت میں برآمد ہوسکتا ہے۔ TSA کا اندازہ ہے کہ اندراج کے لئے اس جمع کاری کے ساتھ وابستہ فی جواب اوسطا بوجھ ( وقت ) تقریبا 90 منٹ کا ہے۔ اس وقت تک کوئی ایجنسی معلومات اکٹھا کرنے کا کام انجام نہیں دے سکتی ہے یا اس کی کفالت نہیں کرسکتی ہے، اور نہ ہی کسی فرد سے اس کا جواب طلب کیا جاتا ہے جب تک کہ اس پر موزوں OMB کنٹرل نمبر درج نہ ہو۔ اس جمع کاری کے لئے تفویض کردہ کنٹرول نمبر OMB 1652-0047 ہے، جو 07/31/2011 کو ختم ہوجائے گا۔

**میں ریاستہائے متحدہ کا شہری یا ریاستہائے متحدہ کا باشندہ نہیں ہوں، لیکن ذیل میں مذکور ایک ایسے زمرے میں آتا ہوں جو مجھے TWIC حاصل کرنے کا مجاز بناتا ہے**

1. ریاستہائے متحدہ کا قانونی مستقل شہری۔
2. 8 U.S.C. 1157 کے تحت داخل شده پناه گزین
3. 8 U.S.C. 1158 کے تحت پناه یافتہ غیر ملکی۔
4. ریاستہائے متحدہ کے مرچینٹ میرین اکیڈمی میں یاکسی قابل موازنہ ریاستی بحریہ کی اکیڈمی میں موزوں M-1 غیر تارک وطن کی حیثیت سے اندراج یافتہ غیر ملکی۔
5. مکرونیشیا، مارشل آئلینڈز، یا پلاؤ کا شہری۔
6. کینیڈا یا میکسیکو میں خطرناک مادے ڈھونے کے لئے یا 8 CFR 214.2(b)(4)(i)(E) کے تحت کاروبار کرنے کے لئے ریاستہائے متحدہ میں داخل شده لائسنس یافتہ کاروباری ڈرائیور۔
7. درج ذیل میں سے کسی ایک ویزا کا حامل ریاستہائے متحدہ میں کام کرنے کے لئے غیر محدود اجازت کے ساتھ غیر ملکی:
   - A-1: کسی سفیر، وزیر عامہ، پیشہ ور سفارتکار ، قونصل آفیسر، سربراہ ریاست کے قریبی کنبے کا رکن، نیز دو طرفہ معاہدہ نافذ العمل ہو؛
   - A-3: ریاستہائے متحدہ میں آنے والے دیگر غیر ملکی حکومتی اہلکاروں، یا ملازمین کے قریبی کنبے کا رکن، بشمول A-1 کا تکنیکی اور امدادی عملہ، نیز دو طرفہ معاہدہ نافذ العمل ہو؛
   - A-13: کنبے کا اتحاد؛
   - E-1: کسی معاہدہ بند تاجر کے شریک حیات یا زیر کفالت بچے؛
   - E-2: معاہدہ بند سرمایہ کار کےشریک حیات یا معاہدہ بند سرمایہ کار کے شریک حیات کا ملازم؛
   - G-1: بین الاقوامی تنظیم اور عملے میں تسلیم شده غیر ملکی ممبر حکومت کے اصل مکین نمائنده کے قریبی کنبے کا رکن، نیز دو طرفہ معاہدہ نافذ العمل ہو؛
   - G-3: بین الاقوامی تنظیم میں غیر تسلیم شده یا غیر ممبر غیر ملکی حکومت کے نمائندے کے قریبی کنبے کا رکن، نیز دو طرفہ معاہدہ نافذ العمل ہو؛
   - G-4: کسی بین الاقوامی تنظیم کے افسر یا ملازم کے قریبی کنبے کا رکن نیز دو طرفہ معاہدہ؛
   - J-2: ایکسچنج وزیٹر کے شریک حیات یا نابالغ بچہ؛
   - K-3: ریاستہائے متحدہ کے شہری کے شریک حیات (LIFE ایکٹ کے ضوابط کے تحت)؛
   - K-4: K-3 کا بچہ؛
   - L-2: L-1 کے شریک حیات یا بچہ؛
   - N-8: غیر ملکی درجہ بند SK-3 "خصوصی تارک وطن" کے والدین؛
   - N-9: N-8, SK-1, SK-2, یا SK-4 "خصوصی تارک وطن" کا بچہ؛
   - نارتھ اٹلانٹک ٹریٹی آرگنائزیشن (NATO) کے اہلکاروں اور نمائندوں کے قریبی کنبے کے افراد نیز ویزا کی درج ذیل قسموں کے لئے دو طرفہ معاہدہ نافذ العمل ہو:
     - NATO-1
     - NATO-2
     - NATO-3
     - NATO-4
     - NATO-5
     - NATO-6
   - S-7: گواہ یا مخبر کے شریک حیات، غیر شادی شده لڑکے اور لڑکیاں اور والدین؛
   - T-1: لوگوں کی برده فروشی کی انتہائی شکل سے متاثره فرد؛
   - T-2: لوگوں کی برده فروشی کی انتہائی شکل سے متاثره فرد کے شریک حیات؛
   - T-3: لوگوں کی برده فروشی کی انتہائی شکل سے متاثره فرد کا بچہ؛
   - T-4: لوگوں کی برده فروشی کی انتہائی شکل سے متاثره فرد کے والدین (اگر T-1 کی عمر 21 سال سے کم ہے)؛
   - T-5: 21 سال سے کم عمر کے T-1 کے 18 سال سے کم عمر والے غیر شادی شده بھائی بہن؛
   - U-1: مخصوص مجرمانہ سرگرمی سے متاثره فرد؛
   - U-2: U-1 کے شریک حیات؛
   - U-3: U-1 کا بچہ؛
   - U-4: U-1 کے والدین (اگر U-1 کی عمر 21 سال سے کم ہے)؛
   - U-5: 21 سال سے کم عمر کے U-1 کے 18 سال سے کم عمر والے غیر شادی شده بھائی بہن؛
   - V-1: LPR کے شریک حیات جو کنبہ کی بنیاد پر دی جانے والی اس عرضی سے اصل استفاده کننده شخص ہے جو 21 دسمبر 2000 سے قبل دائر کی گئی تھی، اور پچھلے 3 سالوں سے زیر التواء ہے؛
   - V-2: LPR کا بچہ جو کنبہ کی بنیاد پر دی جانے والی ویزا کی اس عرضی سے اصل استفاده کننده شخص ہے جو 21 دسمبر 2000 سے قبل دائر کی گئی تھی، اور پچھلے 3 سالوں سے زیر التواء ہے؛
   - V-3: V-1 یا V-2 کا گود لیا ہوا بچہ؛
   - TPS: عارضی تحفظ یافتہ حیثیت [ٹیمپریری پروٹیکٹڈ اسٹیٹس (TPS)]
8. ذیل میں سے کسی ایک ویزا کے حامل ریاستہائے متحدہ میں کام کرنے کے لئے محدود اجازت کے ساتھ غیر ملکی:
   - B1-OCS: کاروباری مشاہد / آؤٹر کانٹینینٹل شیلف (OCS)؛
   - C-1/D: مشترکہ ترسیل اورجہاز کے عملے کا ویزا؛
   - E-1: (اصولی): معاہدہ بند تاجر یا معاہدہ بند تاجر کا ملازم؛
   - E-2: (اصولی): معاہدہ بند سرمایہ کار یا معاہدہ بند سرمایہ کار کا ملازم؛
   - E-3: مخصوص پیشوں میں کام کرنے والے آسٹریلیائی شہری، بشمول شریک حیات؛
   - H-1B: خصوصیت والے پیشے؛
   - L-1A: ایگزیکیٹو ، منیجر سے تعلق رکھنے والا (درون کمپنی تبادلہ شده)؛
   - L-1B: تخصص یافتہ مہارت والے پیشہ وران؛
   - M-3: کینیڈائی یا میکسیکن ممالک کا بیشتر اوقات سفر کرنے والا طالب علم؛
   - O-1A: سائنس، آرٹس، تعلیم، کاروبار، یا ایتھلیٹکس میں غیر معمولی اہلیت؛
   - O-1B: متحرک تصریر اور / یا ٹیلی ویژن پروڈکشنز میں غیر معمولی حصولیابی؛ یا
   - TN: شمالی امریکی آزاد تجارتی معاہده (NAFTA) کے تحت پیشہ ورانہ سرگرمیوں میں شمولیت اختیار کرنے کے خواہاں کینیڈائی اور میکسکن شہریوں کے لئے تجارتی ویزا۔

***نوٹ: غیر محدود کام کی اجازت کے ساتھ ویزا کی درج ذیل قسمیں TWIC حاصل کرنے کے لئے مجاز نہیں ہیں:***

- S-5: مجرمانہ تنظیم کی معلومات کا مخبر؛
- S-6: دہشت گردی کی معلومات کا مخبر؛
- K-1: ریاستہائے متحدہ کے شہری کا یا کی منگیتر؛
- K-2: K-1 کا نابالغ بچہ۔

## نااہل قرار دینے والے مجرمانہ جرائم (49 C.F.R. 1572.103)

### کالم اے

***درج ذیل میں سے کسی بھی جرم کے لئے سزا یابی نااہل قرار دینے والی ہے خواہ اس کا ارتکاب کسی بھی وقت ہوا ہو، اور درخواست دہندہ تخفیف کا اہل نہیں ہوتا ہے۔***

1. جاسوسی یا جاسوسی کرنے کی سازش۔
2. غداری یا غداری کا ارتکاب کرنے کی سازش۔
3. سرکشی یا سرکشی کا ارتکاب کرنے کی سازش۔
4. دہشت گردی کا وفاقی جرم جیسا کہ 18 U.S.C. 2333b (g) یا کسی قابل موازنہ ریاستی قانون میں بیان کیا گیا ہے۔

***درج ذیل میں سے کسی بھی جرم کے لئے سزا یابی نااہل قرار دینے والی ہے خواہ اس کا ارتکاب کسی بھی وقت ہوا ہو، اور درخواست دہندہ تخفیف کے لئے درخواست دے سکتا ہے۔***

5. نقل و حمل کی سلامتی کے واقعے پر مشتمل جرم۔ نقل و حمل کی سلامتی کا واقعہ سلامتی کا ایسا واقعہ ہے جس کا نتیجہ زندگی کو اہم خسارہ، ماحولیات کو نقصان، نقل و حمل کے نظام میں رکاوٹ، یا کسی مخصوص شعبے میں معاشی رکاوٹ کی شکل میں برآمد ہو، جیسا کہ 46 U.S.C. 70101 میں بیان کیا گیا ہے۔ "معاشی رکاوٹ" کی اصطلاح میں کام میں ہونے والی رکاوٹ یا آجر سے وابستہ کوئی ایسا کام شامل نہیں ہے جس کا تعلق دہشت گردی سے نہیں ہے اور جو آجر - ملازم کے تنازعہ کے نتیجے میں پیدا شدہ ہو۔
6. 49 U.S.C. 5124، یا قابل موازنہ ریاستی قانون کے تحت خطرناک اشیاء کی نامناسب انداز میں نقل و حمل۔
7. آتش گیر یا دھماکہ خیز مواد غیر قانونی طریقے سے اپنے پاس رکھنا، استعمال کرنا، فروخت کرنا، تقسیم کرنا، تیار کرنا، خریدنا، وصول کرنا، منتقل کرنا، ارسال کرنا، بھیجنا، درآمد کرنا، برآمد کرنا، ذخیرہ کرنا یا اس کا لین دین کرنا۔ آتش گیر یا دھماکہ خیز آلے میں شعلہ گیر یا دھماکہ خیز مواد شامل ہوتے ہیں جیسا کہ 18 U.S.C. 232(5), 841(c) سے لے کر 841(f)، اور 844(j) میں بیان کیے گئے ہیں؛ اور تخریبی آلہ ہوتا ہے جیسا کہ 18 U.S.C. 921(a)(4) اور 26 U.S.C. 5845(f میں بیان کیا گیا ہے۔
8. قتل۔
9. دھمکی دینا یا عداوت کی بناء پر غلط معلومات پہنچانا جس کے غلط ہونے کا علم ہو، جس کا تعلق کسی عوامی، ریاستی یا سرکاری سہولت، عوامی نقل و حمل کے نظام، یا بنیادی ڈھانچہ کی سہولت کے استعمال میں یا اس کے خلاف کسی دھماکہ خیز یا دیگر مہلک آلہ فراہم کرنے، رکھنے، یا اس کی نشاندہی کرنے سے ہو؛
10. بدعنوان شخص سے متاثرہ اور بدعنوان تنظیموں سے متعلق ایکٹ 18 U.S.C. 1961, et seq.، یا قابل موازنہ ریاستی قانون کی خلاف ورزیاں، جہاں عدالت کو معلوم ہونے والی یا مدعا علیہ کے ذریعہ اعتراف کردہ کوئی مشتہر شدہ کارروائی، کالم A میں مذکور جرائم میں سے ہو۔
11. کالم A، آئٹم 1-4 میں مذکور جرائم کے ارتکاب کی کوشش کرنا۔
12. کالم A، آئٹم 5-10 میں مذکور جرائم کی سازش یا ان کے ارتکاب کی کوشش کرنا۔

### کالم B

***درج ذیل میں سے کسی بھی جرم کے لئے سزا یابی نااہل قرار دینے والی ہے اگر درخواست دہندہ کو TWIC کی درخواست دہندگی کی تاریخ سے پچھلے 7 سالوں کے اندر، مجرم قرار دیا گیا تھا یا قصوروار ٹھہرایا گیا تھا (بشمول "بغیر حجت" کے) یا ذیل میں مذکور کسی ایک یا زیادہ جرائم کے لئے کسی شہری یا فوجی عدالت کے ذریعہ پاگل پن کی وجہ سے غیر قصور وار پایا گیا ہے؛ یا درخواست دہندہ کو درخواست دہندگی کی تاریخ سے 5 سالوں کے اندرمجرم قرار دیئے جانے کے بعد جیل سے رہا کیا گیا تھا۔ درخواست دہندہ تخفیف کے لئے درخواست دے سکتا ہے۔***

1. آتش گیر یا دیگراسلحہ غیر قانونی طریقے سے اپنے پاس رکھنا، استعمال کرنا، فروخت کرنا، تیار کرنا، خریدنا، تقسیم کرنا، وصول کرنا، منتقل کرنا، ارسال کرنا، بھیجنا، دستیاب کرانا، درآمد کرنا، برآمد کرنا یا اس کا لین دین کرنا۔ آتش گیر یا دیگراسلحہ میں شامل ہے، لیکن انہیں تک محدود نہیں، آتشیں اسلحہ جیسا کہ 18 U.S.C. 921(a)(3) یا 26 U.S.C. 5 845(a) میں بیان کیا گیا ہے، یا ریاستہائے متحدہ کے گولہ بارود برآمد کرنے کی فہرست میں 27 CFR 447.21 میں مذکور ہے۔
2. زر تاوان وصول کرنا۔
3. بے ایمانی، دھوکہ دہی، یا غلط بیانی، بشمول شناختی فریب یاغیر قانونی طور پر رقم حاصل کرنا جہاں غیرقانونی طور رپر رقم حاصل کرنے کا تعلق کالم A یا B میں بیان کردہ جرم سے ہو۔ فلاح کی نیت سے دھوکہ دہی اور غلط قسم کے چیک پاس کردینا اس پیراگراف کے مقاصد کے لئے بے ایمانی، دھوکہ دہی، یا غلط بیانی کے زمرے میں نہیں آتا ہے۔
4. رشوت ستانی۔
5. اسمگلنگ۔
6. ترک وطن کی خلاف ورزی۔
7. ممنوعہ اشیاء تقسیم کرنا یا تقسیم کرنے، برآمد کرنے کے ارادے سے اپنے پاس رکھنا۔
8. آتش زنی۔
9. اغوا کرنا یا یرغمال بنالینا؛
10. زنا یا جارحانہ جنسی بدسلوکی؛
11. مارڈالنے کے ارادے سے زخمی کرنا؛
12. ڈکیتی؛
13. سمندری علاقے میں دھوکے سے داخل ہونا جیسا کہ 18 U.S.C. 1036، یا قابل موازنہ ریاستی قانون میں بیان کیا گیا ہے۔
14. بدعنوان شخص سے متاثرہ اور بدعنوان تنظیموں سے متعلق ایکٹ 18 U.S.C. 1961, et seq.، یا قابل موازنہ ریاستی قانون کی خلاف ورزیاں، سوائے ان خلاف ورزیوں کے جو کالم A، آئٹم 10 میں درج ہیں۔
15. کالم B میں درج جرائم کا ارتکاب کرنے کی سازش یا کوشش کرنا۔